[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 5500** **H**

Unique Paper Code : 2142202402

Name of the Paper : Classical Prose

Name of the Course : **B.A. (P) Urdu – DSC**

Semester : IV

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

(الف)

''تب کنور اودے بھان نے مسوس کے ملولا کھا کے کہا اتنی رکھائیاں نہ دیجیے۔ میں سارے دن کا تھکا ہوا ایک پیڑ کی چھاؤں میں اوس کا بچاؤ کر کے پڑ رہوں گا۔ بڑے تڑکے دھند لکے میں اٹھ کر جدھر کو منہ پڑے گا چلا جاؤں گا۔ کچھ کسی کا لیتا دیتا نہیں ایک ہرنی کے پیچھے سب لوگوں کو چھوڑ کر گھوڑا پھینکا تھا جب تلک اجیالا رہا اسی کے دھیان میں تھا۔ جب اندھیرا چھا گیا جی بہت گھبرا گیا ان امریوں کا آسرا ڈھونڈ کر یہاں چلا آیا ہوں کچھ روک ٹوک تو نہ تھی جو ماتھا ٹھنک جاتا اور رک رہتا سر اٹھائے ہانپتا چلا آیا، کیا جانتا تھا جو یہاں پدمنیاں پڑی جھولتی پینگیں چڑھا رہی ہیں۔ پر یوں بدی تھی برسوں میں بھی جھولا کروں گا۔''

*P.T.O.*

(ب)

''ایک روز ایسے کف دست میدان میں جا نکلے کہ جہاں بستی کا نام نہ تھا اور آدمی کی صورت نظر نہ آتی تھی اس پر بھی پادشاہ زادی کی رفاقت کے سبب سے دن عید اور رات شب برات معلوم ہوتی تھی جاتے جاتے انچت ایک دریا کہ جس کے دیکھنے سے کلیجا پانی ہو، راہ میں ملا کنارے پر کھڑے ہو کر جو دیکھا، تو جہاں تلک نگاہ نے کام کیا پانی ہی تھا کچھ تھل بیڑا نہ پایا۔ یاالٰہی اب اس سمندر سے کیوں کر پار اتریں، ایک دم اسی سوچ میں کھڑے رہے آخر یہ دل میں لہر آئی کہ ملکہ کو یہیں بٹھا کر میں تلاش میں ناؤ نواڑے کی جاؤں جب تلک اسباب گزارے کا ہاتھ آوے تب تلک وہ نازنین بھی آرام پاوے۔ تب میں نے کہا اے ملکہ اگر حکم ہو تو گھاٹ باٹ اس دریا کا دیکھوں۔''

۲۔ اردو نثر کے ابتدائی نقوش کی نشاندہی کیجیے۔

۳۔ اردو نثر کے عہد بہ عہد ارتقا کا جائزہ پیش کیجیے۔

۴۔ میر امن کی نثر نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ رانی کیتکی کی کہانی کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

۶۔ 'انشا اللہ انشا کی نثر نگاری' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

۷۔ غالب کی خطوط نگاری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے

۸۔ اردو میں مکتوب نگاری کے ارتقا پر اظہار خیال کیجیے۔